© rasailojaraid.com



# دار العلوم کے شب و روز

ناظم دفتر اہتمام

**مجلس شوریٰ کا جلسہ** | ۲۵ ذیقعدہ ۱۴۰۱ھ مطابق ۴ ستمبر ۱۹۸۱ء بروز جمعرات کتب خانہ کے وسیع ہال میں مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس زیر صدارت جناب الحاج رفیع الدین صاحب جنرل منیجر آدم جی پیپر بورڈ نوشہرہ منعقد ہوا۔ مولانا قاری محمد امین صاحب اور مولانا قاری سعید الرحمان صاحب راولپنڈی نے آغاز میں تلاوت کلام پاک فرمائی۔ اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ نے استقبالیہ کلمات میں اراکین کا خیر مقدم کرتے ہوئے علم دین اور مدارس عربیہ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس ضمن میں دار العلوم حقانیہ کی ابتدائے تاسیس محرکات قیام دار العلوم پھر بتدریجی مراحل ترقی اور موجودہ ہمہ گیر اور وسیع دینی و علمی اثرات و برکات پر سیر حاصل تبصرہ کیا۔ اور اس ضمن میں آپ نے روس سے برسر پیکار حقانی فضلاء اور دار العلوم سے مستفید علماء کے عظیم کردار جہاد و قربانی کی سرگرمیوں پر اللہ کا شکر ادا کیا۔ اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اجلاس کے آغاز میں اس جہاد میں شہید ہونے والے حقانی شہداء کے لئے خصوصاً اور دیگر تمام شہداء کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ اس کے علاوہ پچھلے سال وفات پانے والے مشاہیر علم و فضل اور وابستگان دار العلوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ اور اظہار تعزیت کیا گیا۔ جن میں مولانا مفتی محمود صاحب۔ مولانا غلام غوث ہزاروی۔ مولانا محمد علی سواتی مدرس دار العلوم حقانیہ۔ مولانا میاں ولایت شاہ کاکاخیل رکن مجلس شوریٰ دار العلوم اور دیگر حضرات شامل ہیں۔

بعد ازاں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی طرف سے نیابۃً مولانا سمیع الحق صاحب نے نئے سال کے بجٹ کی تشریح منظور شدہ بجٹ کی کمی بیشی کے اسباب اور سال رواں کے لئے تخمینی میزانیہ پر مشتمل ایک طویل رپورٹ پیش کی۔ اس ضمن میں آپ نے فرمایا کہ ۱۴۰۰ھ میں دار العلوم کو مختلف مدات سے نو لاکھ ستاسٹھ ہزار سات سو چار روپے پینتالیس پیسے آمدنی ہوئی اور آٹھ لاکھ چوبیس ہزار دو سو سات روپے اکیس پیسے خرچ ہوئے۔ سال رواں ۱۴۰۱ھ بارہ لاکھ چورانوے ہزار نو سو ترانوے روپے پچاس پیسے میزانیہ پیش کیا گیا جس کا تفصیلی نقشہ شریک اشاعت ہے۔

ارکان شوریٰ نے بجٹ پر تقاریر میں دار العلوم کے تمام شعبوں کی ترقیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

اجلاس میں اساتذہ اور عملہ کے اضافہ تنخواہ کے بارہ میں بھی غور کیا گیا۔ اور مشاہرات میں حسب سابق اس سال بھی معقول اضافہ کیا گیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## سالانہ بجٹ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

### نقشہ میزانیہ سالِ رواں ۱۴۰۱ھ و اخراجات ۱۴۰۰ھ میزانیہ بارہ لاکھ نو ہزار چار سو ترانوے روپے ۵۰ پیسے

| مصارف سنہ ۱۴۰۰ھ | رقم (روپے) | رقم (پیسے) | میزانیہ برائے سنہ ۱۴۰۱ھ (روپے) | میزانیہ برائے سنہ ۱۴۰۱ھ (پیسے) |
|---|---|---|---|---|
| مطبخ | ۱۹۰۹۹۵ | ۵۷ | ۲۲۹۵۰۰ | ۰ |
| ڈاک | ۳۳۴۶ | ۷۵ | ۴۰۰۰ | ۰ |
| نقد امداد | ۳۶۸ | ۱۶ | ۲۹۰۰ | ۰ |
| روشنی و فٹنگ | ۱۶۱۱۲ | ۲ | ۲۶۰۰۰ | ۰ |
| صابن | ۴۰۳۱ | ۰ | ۵۵۰۰ | ۰ |
| اخبارات | ۸۹۲ | ۲۵ | ۱۰۰۰ | ۰ |
| اشاعت | ۱۱۶۰ | ۰ | ۳۳۵۰ | ۰ |
| امتحانات | ۷۹۹ | ۵۰ | ۱۱۰۰ | ۰ |
| باغیچہ | ۲۴۷ | ۶۰ | ۱۵۰ | ۰ |
| کتب خرید و مرمت | ۵۵۸۰ | ۲ | ۳۲۰۰ | ۰ |
| سفارت | ۴۸۱۰۹ | ۸۱ | ۴۱۲۰۰ | ۰ |
| سٹیشنری | ۲۱۳۶ | ۳۵ | ۲۰۰۰ | ۰ |
| تنخواہ معہ الاؤنس مدرسین و عملہ | ۲۲۲۲۶۳ | ۷۹ | ۲۲۰۰۰۰ | ۰ |
| تعلیم القرآن | ۵۴۲۰۰ | ۹۴ | ۵۰۰۰۰ | ۰ |
| واٹر پمپ مرمت | ۴۰۰ | ۰ | ۴۵۰۰ | ۰ |
| سامان خرید و مرمت | ۷۲۲۱ | ۰ | ۵۵۰۰ | ۰ |
| آب رسانی | ۱۴۱۲ | ۰ | ۹۰۰۰ | ۰ |
| آمد و رفت | ۴۷۲۵ | ۶۸ | ۸۵۰۰ | ۰ |
| تعمیر دار الاقامہ | ۴۶۵۳۶ | ۰ | ۱۵۰۰۰۰ | ۰ |
| تعمیر دار المدرسین | ۶۶۹۴ | ۳۰ | | |
| تعمیر دار الحفظ والتجوید | ۷۵۸۰۰ | ۰۰ | | |
| مرمت تعمیرات | ۲۶۰۱۹ | ۷۹ | ۱۴۰۰۰ | ۰ |
| ٹیلیفون | ۶۶۰۲ | ۳ | ۶۰۰۰ | ۰ |
| بنک کمیشن | ۳۱ | ۲۰ | ۷۰ | ۰ |
| آڈٹ فیس | ۰۰۰۰ | ۰ | ۵۰۰ | ۰ |
| وفاق المدارس | ۰۰۰۰ | ۰ | ۱۰۰۰ | ۰ |
| درس ریکارڈ | ۴۳ | ۵۰ | ۲۰۰ | ۰ |
| لاؤڈ سپیکر مرمت یا خرید | ۵۰ | ۰ | ۱۵۰۰ | ۰ |
| تبلیغ | ۴۹۶۲ | ۰ | ۴۰۰۰ | ۰ |
| تنظیم الفضلاء | ۱۰۰ | ۰ | ۲۰۰ | ۰ |
| لائسنس بندوق | ۷ | ۰ | | |
| سوئی گیس | ۸۳۶۳ | ۴۰ | ۶۰۰۰ | ۰ |
| ماہنامہ الحق | ۸۱۹۵ | ۵۵ | ۹۵۰۰۰ | ۰ |
| کتب خانہ کی الماری | ۴۸۰۰ | ۰ | | |
| کرایہ مکان | ۲۶۵ | ۰ | ۴۸۰ | ۰ |
| کچن متصل دفتر اہتمام | ۰۰۰ | ۰ | ۱۰۰۰۰ | ۰ |
| تکمیل دار المدرسین | ۰۰۰ | ۰ | ۲۸۰۰ | ۰ |
| قبرستان (چار دیواری) | ۰۰۰ | ۰ | ۴۰۰۰ | ۰ |
| تعمیر دار الحفظ والتجوید | ۰۰۰ | ۰ | ۳۸۰۰۰۰ | ۰ |
| تجہیز و تکفین طلبا یا مدرسین | ۰۰۰ | ۰ | ۱۸۴۳ | ۵۰ |
| | ۸،۲۴،۴۷۲ | ۲۱ | ۱۲،۰۹،۴۹۳ | ۵۰ |

© rasailojaraid.com